تبلیغ و تربیتِ دین کے پانچ اصول

تالیف : حافظ محمد یحییٰ عزیز میر محمدی

ناشر : شیخ محمد اشرف، کشمیری بازار، لاہور

کاغذ، طباعت، کتابت عمدہ - صفحات ۸۰ - قیمت ۲ روپے

مولانا حافظ محمد یحییٰ عزیز میر محمدی، ایک مخلص عالم دین ہیں، جن کے شب و روز تبلیغ اسلام اور اشاعتِ دین میں گزرتے ہیں۔ اس مقصد کی تکمیل کے لیے انھوں نے لاہور سے ۳۵ میل کے فاصلے پر بھائی پھیرو کے قریب ایک تبلیغی مرکز بھی قائم کر رکھا ہے، جس میں مبلغوں کو تربیت دینے کا اہتمام کیا گیا ہے اور ساتھ ہی حفظ و تجوید اور قرآن مجید کا ترجمہ پڑھانے کا بھی انتظام ہے۔

حافظ صاحب موصوف کی زیرِ تبصرہ کتاب "تبلیغ و تربیتِ دین کے پانچ اصول" ان کے تبلیغی مقاصد کی ایک کڑی ہے۔ اس میں دین کی تبلیغ و تربیت کے جن پانچ اصولوں کی وضاحت کی گئی ہے، ان میں سب سے پہلا اصول، کلمہ طیبہ کی شہادت ہے۔ دوسرا اصول اقامتِ نماز، تیسرا ادائے زکوٰۃ، چوتھا رمضان کے روزے اور پانچواں اصول حج بیت اللہ ہے۔

مصنف نے ان پانچ اصولوں میں ہر ایک کی کتاب و سنت کی روشنی میں الگ الگ مناسب الفاظ اور عام فہم انداز میں ضروری تفصیل بیان کی ہے اور بتایا ہے کہ اس سلسلے میں شریعتِ اسلامی کے کیا احکام ہیں اور ان میں کیا روحانی فوائد مضمر ہیں۔ نیز یہ باتیں کس طرح مخاطب کے ذہن میں پیوست ہو سکتی ہیں۔

تبلیغی نوعیت کی یہ کتاب بالخصوص عوام کے لیے بڑی مفید ہے۔ زبان اتنی صاف ہے کہ ہر شہری آسانی سے اصل مدعا کو سمجھ سکتا اور بات کی تہہ تک پہنچ سکتا ہے۔

شیخ محمد اشرف (تاجر کتب کشمیری بازار، لاہور) مبارک باد کے مستحق ہیں کہ وہ دینی اور تبلیغی کتابوں کی نشر و اشاعت میں سرگرم اور مستعد رہتے ہیں۔